© rasailojaraid.com





# خبر نامہ

ادارہ

## سالانہ ۲ کروڑ قرآن کی طباعت

قرآن مجید کی طباعت کرنے والا ادارہ مجمع الملک فہد (مدینہ منورہ) تقریباً تیس برس قبل قایم کیا گیا تھا۔ اس وقت اس ادارہ کو قرآن کی طباعت و اشاعت کے لیے دنیا کے سب سے بڑے مرکز ہونے کا اعزا حاصل ہے۔ ادارہ کے رابطہ منیجر شیخ صالح حسین کے بیان کے مطابق اب تک دنیا کی ۶۳ زبانوں میں قرآن مجید کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ طباعت سے قبل آیتوں، سورتوں، نقطوں اور رموز واوقاف کی کتابت و خطاطی کو پانچ مرحلوں سے گزارا جاتا ہے۔ ادارہ میں کل ۱۸۰۰ ملازمین ہیں۔ طباعت کے شعبہ میں ۸۰۰ اور کتابت کے لیے ایک ہزار افراد مامور ہیں۔ سالانہ دو کروڑ نسخوں کی طباعت ہوتی ہے۔ (معارف، جون ۲۰۱۵ء)

## فن لینڈ میں سرکاری ریڈیو پر تفہیم اسلام بذریعہ قرآن

فن لینڈ کے سرکاری ریڈیو نے اپنی نشریات میں قرآن کی باترجمہ تلاوت کا ایک ایسا سلسلہ وار پروگرام شروع کیا ہے جس کا مقصد اسکینڈے نیویا کے اس ملک میں مسلم ثقافت کے بارے میں عوامی علم میں اضافہ ہے۔ فن لینڈ کے دارالحکومت سے نیوز ایجنسی ایسوسی ایٹڈ پریس کی رپورٹ کے مطابق ملک کے سرکاری ریڈیو چینل YLE نے اپنی نشریات میں پورے قرآن کی تلاوت اور اس کے ترجمہ کو نشر کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا ہے وہ اس ملک میں عام لوگوں کو اسلامی ثقافت کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دے گا۔ اس ریڈیو کی نشریات میں اسلام سے متعلق ایسا

© rasailojaraid.com